**Pakistan Tehreek-e-Insaf**
Central Media Department

# پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

15 دسمبر 2023

## پاکستان تحریک انصاف کا الیکشن کمیشن آف پاکستان سے انتخابی شیڈول کے فی الفور اجراء کا مطالبہ

- انتخابات کے آزادانہ، منصفانہ، غیر جانبدارانہ اور شفاف انعقاد کی تیاریاں مکمل کرنے اور انتخابات کے 8 فروری 2024 کو ہر صورت منعقد کرنے کی ضرورت پر زور
- انتخابات کے آزادانہ، منصفانہ اور شفاف انعقاد کیلئے غیر جانبدار عدالتی افسران بطور انتخابی عملہ مقرر کرنے کا بھی مطالبہ
- انتخابات کے شفاف اور مؤثر انعقاد کیلئے تحریک انصاف کو "بلے" کے انتخابی نشان کے فوری اجرا کے مطالبے کا بھی اعادہ

## کور کمیٹی کی جانب سے انتخابات سے قبل تحریک انصاف کے ذمہ داران اور قائدین کی پکڑ دھکڑ کے سلسلے کی شدید مذمت

- سینئر مرکزی رہنما شیر افضل مروت کی لاہور ہائیکورٹ کے باہر سے گرفتاری کو مکمل طور پر غیر آئینی و غیر قانونی قرار دیتے ہوئے ان کی فوری رہائی کا مطالبہ
- تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے رکن اور سینئر ماہر قانون شعیب شاہین سے کوئٹہ ایئر پورٹ پر کی جانے والی بدسلوکی اور انہیں کنونشن میں شرکت سے روکنے کی بھی شدید مذمت

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

- تحریک انصاف کو ریاستی قوت کے بل پر پر امن سیاسی سرگرمیوں کی اجازت نہ دینے اور اسے انتخاب سے باہر کرنے کی کوششیں جمہوریت پر سنگین حملہ قرار
- زائد المیعاد غیر آئینی، غیر قانونی اور غیر نمائندہ نگران حکومتوں سے طاقت کے ذریعے جمہوریت کو کچلنے کا سلسلہ بند کرنے کا مطالبہ
- الیکشن کمیشن پر تمام جماعتوں کیلئے انتخاب میں حصہ لینے کے یکساں اور مساوی مواقع یقینی بنانے پر زور

## کور کمیٹی کا ریاستی اداروں / شخصیات کے بارے میں ہر قسم کی نفرت انگیز مہم سے مکمل لاتعلقی کا اظہار

- تحریک انصاف میں فیصلہ سازی باہمی مشاورت کی مضبوط بنیادوں پر استوار ہے۔
- کسی فردِ واحد کے فیصلوں یا شخصی اقدامات کی نہ تو جماعت میں گنجائش ہے اور نہ اس کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔
- تحریک انصاف کے تمام فیصلے کور کمیٹی اجلاسوں میں مفصل مشاورت اور مکمل اتفاقِ رائے سے کئے جاتے ہیں۔
- کور کمیٹی کے فیصلوں کو بانی چیئرمین جناب عمران خان کی تائید و توثیق اور باضابطہ منظوری کے بعد نافذ کیا جاتا ہے۔
- کور کمیٹی اور بانی چیئرمین عمران خان کی منظوری کے بغیر جاری کی گئی کسی سیاسی / تشہری مہم کا تحریک انصاف سے نہ تو تعلق ہے نہ کارکن ایسی کسی مہم کا حصہ بن سکتے ہیں۔

- سلمان احمد و دیگر کی جانب سے اپنے نجی سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر پوسٹ کئے جانے والے مواد سے تحریک انصاف کا ہرگز کوئی تعلق نہیں اور تحریک انصاف اس کی ذمہ دار بھی نہیں۔
- مختلف وی لاگرز کی جانب سے بیرونِ ملک سے کی جانے والی سرگرمیوں سے بھی ہمارا کوئی تعلق نہیں اور نہ ہی انہیں تحریک انصاف سے جوڑنے کی کوشش کی جانی چاہیئے۔
- ریاستی اداروں کیخلاف مہم جوئی کی بجائے آئین و قانون کی حدود میں ان کے کردار کی مضبوطی اور ملکی تعمیر و ترقی میں ان کے مثبت کردار کے قائل ہیں۔
- تحریک انصاف آئین و قانون کے دائرے میں رہ کر پرامن جدوجہد پر یقین رکھتی ہے، بدترین جبر و فسطائیت کے باوجود آئین و قانون کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑیں گے۔

**اغواء برائے بیان اور جبری طلاقوں کے قابلِ مذمت سلسلے کے بعد رضاکارانہ طور پر خود کو قانون کے حوالے کرنے والے امجد خان نیازی، عمر تنویر بٹ اور دیگر کارکنان پر رات کے اندھیرے میں بدترین جسمانی تشدد اور انہیں جبراً تحریک انصاف یا سیاست سے علیحدگی پر مجبور کرنا آئین و قانون سے منافی ہے۔**

- معزز عدلیہ پردہ نشین ریاستی کارندوں کی ماورائے آئین و قانون سرگرمیوں کا نوٹس لیں اور طاقت کے بل پر سیاسی وفاداریاں تبدیل کروانے کا مذموم سلسلہ بند کروائیں۔

---پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk